cfa.vic.gov.au/languages

کیا میں پتے اور گھاس پھوس وغیرہ جلا سکتا/ سکتی ہوں؟

سال کے گرم حصوں میں CFA سٹیٹ کے مختلف حصوں میں آگ کے خطرے کے زمانوں (Fire Danger Periods) کا اعلان کرتی ہے۔ جن دنوں میں آگ تیزی سے پھیل سکتی ہو اور آگ پر قابو پانا مشکل ہو، ایسی پابندیاں ہوتی ہیں کہ آپ کوڑا وغیرہ جلاتے ہوئے کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں کر سکتے۔

کیا میں باغیچے کا کوڑا جلا سکتا/سکتی ہوں؟

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Periods)

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Period) میں کوڑا وغیرہ جلانے کی اجازت نہیں ہوتی، سوائے اس کے کہ آپ کے پاس CFA، فائر ریسکیو وکٹوریہ یا آگ کی روک تھام کے میونسپل آفیسر کا جاری کردہ پرمٹ ہو، جس کا انحصار اس پر ہے کہ آپ کہاں کوڑا جلا رہے ہیں۔ پرمٹ ہونے کے باوجود آپ پر لازم ہے کہ:

- آپ پرمٹ کی تمام شرائط کی تعمیل کریں،
- جب تک آگ جل رہی ہو، ہمیشہ وہاں ایک شخص کو مقرر رکھیں اور آپ کے پاس آگ بجھانے کی صلاحیت اور آلات ہونا بھی ضروری ہے،
- ضروری ہے کہ اس شخص کے وہاں سے جانے سے پہلے آگ مکمل طور پر بجھا دی گئی ہو۔

چاہے آپ کے پاس کوئی پرمٹ ہو، آپ کو مقامی میونسپل قوانین کی تعمیل یقینی بنانی ہو گی اور یہ ضروری ہے کہ فالتو سبزہ یا کوڑا جلانے سے پہلے آپ ہمیشہ **1800668511** یا **cfa.vic.gov.au/languages** پر رجسٹر کریں۔

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دن (Total Fire Ban Days)

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دنوں (Total Fire Ban Days) پر کوڑا وغیرہ جلانا منع ہوتا ہے اور آگ جلانے پر مکمل پابندی (Total Fire Ban) کی مدت میں پرمٹس منسوخ ہو جاتے ہیں۔ اگر آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Period) میں ملنے والے پرمٹ کے ساتھ آپ نے کہیں آگ جلائی ہوئی ہو تو اب اس آگ کی اجازت نہیں ہے اور آپ کو آگ جلانے پر مکمل پابندی (Total Fire Ban) شروع ہونے سے پہلے اس آگ کو مکمل طور پر بجھانا ہو گا۔

مزید معلومات کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں۔

مل کر، ہم آگ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔